اونٹاریو الیکشن 2018ء کے بارے میں کتابچہ
ہم ووَٹ ڈالنے کے طریق کار کو آسان بناتے ہیں۔
کون، کب، کہاں اور ووٹ کیسے ڈالنا ہے

Elections Ontario

اونٹاریو کا 42 واں جنرل الیکشن مورخہ **7 جون، 2018ء** کو ہوگا۔

اونٹاریو میں کون، کب، کہاں اور ووٹ کیسے ڈالنا ہے کے بارے میں اس کتابچے میں اہم معلومات شامل ہیں۔

9 مئی	حکمنامے جاری کئے جائیں گے اور امیدوار کیلئے نامزدگیاں کھلیں گی
10 مئی	خصوصی بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کیلئے درخواست دینے کا پہلا دن
17 مئی	امیدواروں کی نامزدگیاں دوپہر 2 بجے بند ہوں گی (مقامی وقت)
26 مئی – 6 جون	آپ کے ریٹرننگ آفس میں قابل رسائی ووٹنگ
26 مئی – 30 مئی	پیشگی ووٹنگ 10 بجے صبح – 8 بجے شام (مقامی وقت)
29 مئی	بذریعہ ای- رجسٹریشن ووٹ ڈالنے والوں کی فہرست میں شامل ہونے کا آخری دن
7 جون	**الیکشن کا دن** 9 بجے صبح – 9 بجے شام (مقامی وقت)

ووٹ کون ڈالتا ہے؟
آپ 2018ء کے جنرل الیکشن میں ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں اگر آپ:
- الیکشن والے دن، مورخہ **7 جون، 2018ء** کو کم از کم 18 سال کے ہیں، اور
- کینیڈین شہری ہیں، اور
- اونٹاریو کے رہائشی ہیں۔

میں کس کو ووٹ ڈال رہی/رہا ہوں؟
اونٹاریو کی قانون ساز اسمبلی میں ممبر آف پرووِنشل پارلیمینٹ (ایم پی پی) کے طور پر اپنی نمائندگی کیلئے آپ اپنے انتخابی حلقے میں رجسٹر شدہ امیدوار کیلئے ووٹ ڈال رہی/رہے ہیں۔ 124 ایم پی پی ہیں – صوبے میں ہر انتخابی حلقے کیلئے ایک۔
سب سے زیادہ منتخب شدہ ایم پی پی کی حامل سیاسی پارٹی ہی نئی صوبائی حکومت بناتی ہے۔

اونٹاریو کا قانون آپ کو اپنے بیلٹ کو مسترد کرنے کا حق دیتا ہے۔ مسترد شدہ بیلٹ سرکاری گنتی میں شامل کئے جاتے ہیں۔

اس میں نیا کیا ہے؟
اگر آپ 16 یا 17 سال کے ہیں، تو اب آپ خود کو **elections.on.ca** ویب سائٹ پر اونٹاریو رجسٹر آف فیوچر ووٹرز (Ontario Register of Future Voters) کی فہرست میں شامل کر سکتے ہیں۔

فہرست میں شامل ہونے کے بعد، جب آپ 18 سال کے ہوں گے تو آپ کی معلومات خودبخود ووٹ ڈالنے والوں کی فہرست میں منتقل ہو جائیں گی۔
آپ کو اس جنرل الیکشن میں ووٹ ڈالنے کیلئے لازمی طور پر مورخہ 7 جون 2018ء کو 18 سال کا ہونا چاہیئے۔

ووٹ ڈالنے والے کیلئے فہرست
- یہ یقینی بنائیں کہ ووٹ ڈالنے کیلئے آپ کا نام **elections.on.ca** ویب سائٹ پر درج ہے۔
- اپنا ووٹر انفرمیشن کارڈ (وی آئی سی) ڈاک کے ذریعے حاصل کریں۔

- چیک کرلیں کہ آپ کے پاس صحیح شناخت یعنی آئی ڈی موجود ہے۔
- اپنے حقوق، مسائل اور امیدواروں کے بارے میں معلومات حاصل کریں
- یہ انتخاب کریں کہ آپ کب، کہاں اور کیسے ووٹ ڈالنا چاہتی/چاہتے ہیں۔
- منصوبہ بندی کریں کہ آپ ووٹ ڈالنے والی جگہ کیسے پہنچیں گی/گے۔ جب آپ ووٹ ڈالنے جائیں تو اپنی آئی ڈی اور وی آئی سی ساتھ لے کر جانا یاد رکھیں۔

< ووٹر انفرمیشن کارڈ >

ووٹ ڈالنے والوں کی فہرست پر؟

جب آپ ووٹ ڈالنے جائیں تو اپنا ووٹر انفرمیشن کارڈ (وی آئی سی) اور آئی ڈی ساتھ لے کر جائیں۔

VOTER INFORMATION CARD
CARTE D'INFORMATION DE L'ÉLECTEUR

Elections Ontario

If Undeliverable Return To: Return Address City ON E0E 0E0

CANADA POST / POSTES CANADA
Postage paid / Port payé
Lettermail / Poste-lettres

859-3956-20011-559312

Election day / Jour du scrutin :
June 7, 2018 from 9 a.m. to 9 p.m. (ET)
Le 7 juin 2018, de 9 h à 21 h (HE)

You vote at / Où voter :
EVERGREEN DISTRICT SS *
75 NEPTUNE ST
OVERTHERE, ON

Electoral district / Circonscription électorale :
LEEDS—GRENVILLE—THOUSAND ISLANDS AND RIDEAU LAKES / LEEDS—GRENVILLE—THOUSAND ISLANDS ET RIDEAU LAKES

Poll / Bureau de vote : 247A

Your address / Votre adresse :
10-123 MAIN ST SE
OVERTHERE ON 030 303
LINE 3 ADDRESS IF NEEDED

ELECTIONS.ON.CA

You are registered / Vous êtes inscrit / inscrite

DAVID EADES
175 BLOOR STREET EAST
TORONTO ON M4W 3R9

میں ووٹ کب ڈالوں؟

الیکشن کا دن مورخہ **7 جون، 2018ء** ہے۔ ووٹ 9 بجے صبح سے 9 بجے شام تک ڈالیں (مقامی وقت)

آپ مندرجہ ذیل تاریخوں کو بھی ووٹ ڈال سکتی/سکتے ہیں:

- اپنے انتخابی حلقے کے دفتر میں مورخہ **10 مئی سے 6 جون** کو بذات خود جا کر،
- اپنے انتخابی حلقے کے دفتر میں ووٹ ڈالنے میں مدد فراہم کرنے والی ٹیکنالوجی کے ذریعے مورخہ **26 مئی سے 6 جون** کو بذات خود جا کر،
- **مورخہ 26 مئی سے 30 مئی کو 10 بجے صبح سے 8 بجے شام** تک (مقامی وقت) پیشگی ووٹنگ کے دوران بذات خود جا کر، یا
- **مورخہ 10 مئی، 2018ء** کے آغاز سے، بذریعہ ڈاک۔ آپ کی جانب سے لگائے گئے نشان والا بیلٹ الیکشنز اونٹاریو کے مرکزی دفتر کو الیکشن والے دن، مورخہ **7 جون، 2018ء** کو شام کے **6 بجے** (مقامی وقت) تک لازمی طور پر موصول ہو جانا چاہیئے۔ آپ مندرجہ ذیل کے ذریعے بھی درخواست کا فارم حاصل کر سکتے ہیں:

elections.on.ca

sb@elections.on.ca

آپ کے انتخابی حلقے کا آفس

(ٹول فری) **1-855-523-5932**

(کولیکٹ) **1-416-649-1046**

(ٹی ٹی وائی ٹول فری) **1-888-292-2312**

یاد رکھیں

اپنا بیلٹ جلدی حاصل کرنے کیلئے اپنا ووٹر انفرمیشن کارڈ (وی آئی سی) اورآئی ڈی ساتھ لے کر جائیں۔

میں ووٹ کہاں ڈالوں؟

اگر آپ نے مورخہ **29 مئی، 2018**ء تک ووٹ ڈالنے کیلئے اندراج کروا دیا ہے تو آپ کو الیکشن والے دن سے پہلے ووٹر انفرمیشن کارڈ (وی آئی سی) بذریعہ ڈاک موصول ہو جائے گا۔ وی آئی سی میں کب اور کہاں ووٹ ڈالنا ہکے بارے میں معلومات موجود ہیں۔ آپ **elections.on.ca** پر جا کر بھی اپنی ووٹ ڈالنے کی جگہ کے بارے میں معلوم کر سکتی/سکتے ہیں۔

طالب علم کا ووٹ ڈالنا

اگر آپ دور کے اسکول میں ہیں، تو آپ اس انتخابی حلقے میں ووٹ ڈالنے کا انتخاب کرسکتی/ سکتے ہیں جہاں آپ مستقل طور پر رہتے ہیں یا اس انتخابی حلقے میں جہاں آپ اسکول جانے کیلئے وقتی طور پر رہتی/ رہتے ہیں۔

ہسپتال میں ووٹ ڈالنا

اگر آپ کسی ایسے ہسپتال میں علاج کروا رہے ہیں جو ووٹ ڈالنے والی جگہ کے طور پر حصہ لے رہا ہے، تو آپ وہاں پر مورخہ **21 مئی سے 23 مئی** تک ووٹ ڈال سکتی/سکتے ہیں۔ اپنے انتخابی حلقے کے دفتر سے معلومات حاصل کریں۔

اس میں نیا کیا ہے؟

اونٹاریو کے انتخابی حلقوں میں **2018**ء جنرل الیکشن کیلئے **124** تک اضافہ ہو چکا ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ ممکن ہے اب آپ کسی نئے انتخابی حلقے میں ووٹ ڈالیں۔

اپنی ووٹ ڈالنے کی جگہ کے بارے میں **elections.on.ca** پر معلومات حاصل کریں

میں ووٹ ڈالنے کیلئے اندراج کیسے کرواؤں؟

اگر آپ کو ووٹر انفرمیشن کارڈ (وی آئی سی) موصول نہیں ہوا، تو ہو سکتا ہے کہ آپ ووٹ ڈالنے والوں کی فہرست میں شامل نہ ہوں۔

وی آئی سی حاصل کرنے کیلئے مورخہ **29 مئی، 2018**ء تک **elections.on.ca** پر اپنا نام ووٹ ڈالنے والوں کی فہرست میں شامل کریں۔ آپ اپنے انتخابی حلقے کے دفتر میں، پیشگی ووٹ ڈالنے والی جگہ پر یا الیکشن والے دن بھی اپنی تازہ ترین معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔

اپنے آپ کو ووٹ ڈالنے والوں کی فہرست میں شامل کروانے کیلئے، آپ کو کوئی ایک ایسی آئی ڈی دکھانے کی ضرورت ہے جس پر آپ کا نام اور رہائشی پتہ موجود ہو۔

قابل قبول آئی ڈی کی فہرست کیلئے **elections.on.ca** پر جائیں۔

اس میں نیا کیا ہے؟

ہمارا نیا آن لائن ای- رجسٹریشن ٹول آپ کیلئے ووٹ ڈالنے والوں کی فہرست پر آپ کی معلومات کی تصدیق، اسے تازہ ترین بنانے یا اس کا اضافہ کرنے کو آسان بناتا ہے۔

الیکشن والے دن ووٹ ڈالنے کے طریق کار کو آسان بنانے کیلئے مورخہ **29 مئی، 2018**ء تک **elections.on.ca** پر جائیں۔

اگر مجھے ووٹ ڈالنے میں مدد درکار ہو تو اس صورت میں کیا ہوگا؟

اپنی ووٹ ڈالنے کی جگہ تک رسائی کے بارے میں معلومات کیلئے **elections.on.ca** پر جائیں۔

خدمات فراہم کرنے والے جانوروں کی اجازت ہے۔

آپ خاندان کے کسی فرد، دوست، یا مدد فراہم کرنے والے کسی فرد کو ساتھ لا سکتے ہیں، یا ووٹ ڈالنے والی جگہ پر کام کرنے والے فرد سے ووٹ ڈالنے میں اپنی مدد کرنے کو کہہ سکتے ہیں۔ آپ دونوں کو حلفیہ اقرار کرنے کیلئے کہا جائے گا کہ واقعی مدد کی ضرورت ہے اور یہ کہ آپ کا ووٹ خفیہ رکھا جائے گا۔

آپ ایسے ٹول اور سروسز بھی حاصل کر سکتے ہیں جیسے کہ:

- 30 سے زیادہ زبانوں میں ووٹ ڈالنے کے بارے میں ہدایات،
- لفظوں کو بڑا کر کے دکھانے والی شیٹیں،
- آپ کے بیلٹ کیلئے بریل (Braille) ٹیمپلیٹ،
- آپ کے مقامی انتخابی حلقے کے دفتر میں مورخہ **26 مئی سے 6 جون تک** ووٹ ڈالنے میں مدد کرنے والی ٹیکنالوجی، یا
- اشاروں کی زبان کے رجسٹرڈ ترجمان یا حصہ لینے والے کو ادا شدہ رقم کی واپس ادائیگی۔

اگر آپ میں کوئی ایسی معذوری ہے جس سے آپ کی نقل و حرکت پر اثر پڑتا ہے، تو براہ مہربانی اپنے انتخابی حلقے کے دفتر سے رابطہ کریں۔

اس میں نیا کیا ہے؟
آپ اب اپنا موبائل فون امدادی آلے کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

تاہم، آپ اسے مکمل کردہ ووٹوں کی پرچیوں کی تصویریں کھینچنے یا تصویریں شیئر کرنے یا ویڈیوز بنانے کیلئے استعمال نہیں کر سکتے۔

ہم سے رابطہ کریں:
ویب سائٹ **elections.on.ca**
فون **1-888-668-8683**
ٹی ٹی وائی **1-888-292-2312**
ای میل **info@elections.on.ca**

ٹوئٹر **@ElectionsON**
فیس بک **ElectionsON**
انسٹا گرام **@electionson**
یو ٹیوب **ElectionsOn**

اس کتابچے میں موجود معلومات قابل رسائی فارمیٹ میں حاصل کرنے کیلئے، براہ مہربانی **elections.on.ca** پر جائیں یا مندرجہ ذیل نمبر پر کال کریں **1-888-668-8683** یا **1-888-292-2312** (ٹی ٹی وائی)۔

میں الیکشن کے دوران کیسے کام کر سکتی/سکتا ہوں؟
الیکشن کروانے میں اپنی مدد کیلئے الیکشنز اونٹاریو ووٹ ڈالنے والی جگہوں پر پول ورکرز کی تلاش میں ہے۔ زیادہ تر اسامیوں کیلئے درخواست دینے کیلئے آپ کی عمر کم از کم 18 سال ہونی چاہیئے، اور کچھ اسامیاں 16 سال کی عمر والوں کیلئے بھی ہیں۔ تفصیلات کیلئے، **elections.on.ca** پر جائیں۔